# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON FEDERAL EDUCATION, PROFESSIONAL TRAINING, NATIONAL HERITAGE AND CULTURE ON THE PAKISTAN ACADEMY OF LETTERS (AMENDMENT) BILL, 2021

I, Chairman of the Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture have the honor to present this report on the Bill to amend the Pakistan Academy of Letters Act, 2013 (Act IV of 2013) [The Pakistan Academy of letters (Amendment) Bill, 2021] (Government Bill) referred to the Committee on 1st January, 2020.

2. The Committee comprises the following:-

| | | |
|---|---|---|
| **1.** | **Mian Najeeb Ud Din Awaisi** | **Chairman** |
| 2. | Mr. Ali Nawaz Awan | Member |
| 3. | Mr. Sadaqat Ali Khan | Member |
| 4. | Ms. Javairia Zafar Aheer | Member |
| 5. | Mr. Umar Aslam Khan | Member |
| 6. | Mr. Muhammad Farooq Azam Malik | Member |
| 7. | Ms. Nafeesa Inayatullah Khan Khattak | Member |
| 8. | Ms. Andleeb Abbas | Member |
| 9. | Ms. Ghazala Saifi | Member |
| 10. | Ms. Asma Qadeer | Member |
| 11. | Ms. Tashfeen Safdar | Member |
| 12. | Mrs. Farukh Khan | Member |
| 13. | Ms. Mehnaz Akber Aziz | Member |
| 14. | Ch. Muhammad Hamid Hameed | Member |
| 15. | Ms. Kiran Imran Dar | Member |
| 16. | Ms. Musarrat Asif Khawaja | Member |
| 17. | Mr. Abid Hussain Bhayo | Member |
| 18. | Ms. Mussarat Rafiq Mahesar | Member |
| 19. | Dr. Shazia Sobia Aslam Soomro | Member |
| 20. | Mr. Asmatullah | Member |
| 21. | Mr. Shafqat Mahmood, Minister for Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at **Annexure-'A'**, in its meetings held on 24-01-2020, 25-02-2020, 11-01-2021 and recommends that the Bill may be passed by the National Assembly.

**Sd/-**
**(MIAN NAJEEB UD DIN AWAISI)**
Chairman

**Sd/-**
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
Islamabad, the 5th March, 2021

ANNEX-A

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

Bill

*to amend the Pakistan Academy of Letters Act, 2013*

WHEREAS it is expedient to amend the Pakistan Academy of Letters Act, 2013 (IV of 2013) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:

**1. Short title and commencement.-** (1) This Act shall be called Pakistan Academy of Letters (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

**2. Amendment of section 2, Act IV of 2013.-** In the Pakistan Academy of Letters Act, 2013 (IV of 2013), hereinafter referred to as the said Act, in section 2,–

(a) in clause (i), the word "and", occurring at the end, shall be omitted; and

(b) in clause (j), for the full stop at the end, a semi colon and the word "and" shall be substituted and thereafter the following new clause shall be added, namely:-

"(k) "secretary" means secretary of the Division concerned.".

**3. Amendment of section 4, Act IV of 2013.-** In the said Act, in section 4, in sub-section (1),-

(a) for the words "Federal Government", the words "Division concerned" shall be substituted;

(b) for clause (b), the following shall be substituted, namely:-

"(b) Joint Secretary of the Division concerned"; and

(c) in clause (f), for the expression "FATA, FANA, NA", the words "Azad Jammu and Kashmir and Gilgit-Baltistan" shall be substituted.

**4. Amendment of section 7, Act IV of 2013.-** In the said Act, in section 7, in sub-section (2), for the words "Federal Government", the words "Division concerned" shall be substituted.

**5. Amendment of section 8, Act IV of 2013.-** In the said Act, in section 8,-

(a) in sub-section (2), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister or a person authorized by him" shall be substituted; and

(b) in sub-section (4), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister or a person authorized by him" shall be substituted.

**6. Amendment of section 10, Act IV of 2013.-** In the said Act, in section 10,-

(a) in sub-section (1), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister or a person authorized by him" shall be substituted; and

(b) in sub-section (2), for the words "Federal Government", the words "Division concerned" shall be substituted.

**7. Amendment of section 12, Act IV of 2013.-** In the said Act, in section 12,-

(a) in clause (w), for the word "Ministry", the word "Division" shall be substituted; and

(b) in clause (y), for the words "Federal Government", the words "Division concerned" shall be substituted.

**8. Amendment of section 13, Act IV of 2013.-** In the said Act, in section 13, in sub-section (1), for the words "Federal Government", the words "Division concerned" shall be substituted.

**9. Amendment of section 16, Act IV of 2013.-** In the said Act, in section 16, in sub-section (2), for the words "Chairman of the Academy", the words "secretary of the Division concerned" shall be substituted.

**10. Amendment of section 18, Act IV of 2013.-** In the said Act, in section 18, for the words "Federal Government", the words "Division concerned" shall be substituted.

**11. Amendment of section 19, Act IV of 2013.-** In the said Act, in section 19, for the words "Federal Government", the words "Division concerned in consultation with the Establishment and Finance Divisions and all other concerned ministries and divisions" shall be substituted.

# STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The Federal Cabinet in its meeting held on 08-11-2017, in case No.419/199/2017, decided that all Ministries and Divisions should in consultation with Law & Justice Division, make amendments in the respective Acts/ Rules and replace the words "Federal Government" with appropriate authority(ies).

The amendments in the Pakistan Academy of Letters' Act, 2013 through this bill namely "Pakistan Academy of Letters (Amendment) Act, 2019" will bring clarity in the statute. Besides decentralizing of powers and their conferment at appropriate levels. It will help to avoid unnecessary delays and will speed up the decision making. Moreover, uncalled for references to the Federal Cabinet will also be avoided. Therefore it is deemed imperative to introduce this Bill.

**Minister-in-Charge**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## اکادمی ادبیات پاکستان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء پر قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم ، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت یکم جنوری، ۲۰۲۰ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ اکادمی ادبیات پاکستان ایکٹ، ۲۰۱۳ء (ایکٹ نمبر ۴ بابت ۲۰۱۳ء) میں ترمیم کرنے کے بل [اکادمی ادبیات پاکستان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | میاں نجیب الدین اویسی | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب علی نواز اعوان | رکن |
| ۳۔ | جناب صداقت علی خان | رکن |
| ۴۔ | محترمہ جویریہ ظفر آھیر | رکن |
| ۵۔ | جناب عمر اسلم خان | رکن |
| ۶۔ | جناب محمد فاروق اعظم ملک | رکن |
| ۷۔ | محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک | رکن |
| ۸۔ | محترمہ عندلیب عباس | رکن |
| ۹۔ | محترمہ غزالہ سیفی | رکن |
| ۱۰۔ | محترمہ اسماءقدیر | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ تاشفین صفدر | رکن |
| ۱۲۔ | بیگم فرخ خان | رکن |
| ۱۳۔ | محترمہ مہناز اکبر عزیز | رکن |
| ۱۴۔ | چوہدری محمد حامد حمید | رکن |
| ۱۵۔ | محترمہ کرن عمران ڈار | رکن |
| ۱۶۔ | محترمہ مسرت آصف خواجہ | رکن |
| ۱۷۔ | جناب عابد حسین بھائیو | رکن |
| ۱۸۔ | محترمہ مسرت رفیق مہیسر | رکن |
| ۱۹۔ | ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو | رکن |
| ۲۰۔ | جناب عصمت اللہ | رکن |
| ۲۱۔ | جناب شفقت محمود، وزیر برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت | رکن بالحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۴ر جنوری، ۲۰۲۰ء ، ۲۵ر فروری، ۲۰۲۰ء اور ۱۱ر جنوری، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ "الف" کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

دستخط/۔
(میاں نجیب الدین اویسی)
چیئرمین

اسلام آباد، ۵ر مارچ، ۲۰۲۱ء

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

# اکادمی ادبیات پاکستان ایکٹ، ۲۰۱۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہر گاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے اکادمی ادبیات پاکستان ایکٹ، ۲۰۱۳ء (نمبر ۴ بابت ۲۰۱۳ء) میں ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

**۱۔ <u>مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔</u>** (۱) یہ ایکٹ اکادمی ادبیات پاکستان (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کہلائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

**۲۔ <u>ایکٹ نمبر ۴ بابت ۲۰۱۳ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم۔</u>** اکادمی ادبیات پاکستان ایکٹ، ۲۰۱۳ء (نمبر ۴ بابت ۲۰۱۳ء)، بعدازیں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ ۲ میں، ۔۔۔

**(الف)** شق (ط) میں لفظ ''اور'' آخر میں واقع ہونے پر، حذف کر دیا جائے گا؛ اور

**(ب)** شق (ی) میں، آخر میں ختمہ کو وقفہ اور لفظ ''اور'' سے تبدیل کر دیا جائے گا، اور بعدازیں حسب ذیل نئی شق کا اضافہ کر دیا جائے گا:

''(ک) ''سیکرٹری'' سے متعلقہ ڈویژن کا سیکرٹری مراد ہے۔''

**۳۔ <u>ایکٹ نمبر ۴ بابت ۲۰۱۳ء کی، دفعہ ۴ کی ترمیم۔</u>** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، ۔۔۔

**(الف)** الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) شق (ب) کو، حسبِ ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ب) متعلقہ ڈویژن کا جوائنٹ سیکرٹری''؛ اور

(ج) شق (و) میں، عبارت ''فاٹا، فاٹا، این اے'' کو الفاظ ''آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۴ بابت ۲۰۱۳ء کی، دفعہ ۷ میں ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۷ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۵۔ **ایکٹ نمبر ۴ بابت ۲۰۱۳ء کی، دفعہ ۸ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ میں،۔۔۔

(الف) ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''وزیراعظم یا اس کی جانب سے مجاز کردہ شخص'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (۴) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''وزیراعظم یا اس کی جانب سے مجاز کردہ شخص'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۶۔ **ایکٹ نمبر ۴ بابت ۲۰۱۳ء کی، دفعہ ۱۰ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۰ میں،۔۔۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''وزیراعظم یا اس کی جانب سے مجاز کردہ شخص'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۷۔ **ایکٹ نمبر ۴ بابت ۲۰۱۳ء کی، دفعہ ۱۲ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۲ میں،۔۔۔

(الف) شق (ث) میں، لفظ ''وزارت'' کو لفظ ''ڈویژن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) شق (ذ) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت''، کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۸۔ **ایکٹ نمبر ۴ بابت ۲۰۱۳ء کی، دفعہ ۱۳ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۳ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۹۔ **ایکٹ نمبر ۴ بابت ۲۰۱۳ء کی، دفعہ ۱۶ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۶ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ ''اکیڈمی کا چیئرمین'' کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن کا سیکرٹری'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۰۔ **ایکٹ نمبر ۴ بابت ۲۰۱۳ء کی، دفعہ ۱۸ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۸ میں، الفاظ ''وفاقی حکومت''، کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۱۔ **ایکٹ نمبر ۴ بابت ۲۰۱۳ء کی، دفعہ ۱۹ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۹ میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن، اسٹیبلشمنٹ اور خزانہ ڈویژنز اور تمام دیگر متعلقہ وزارتوں اور ڈویژنز کی مشاورت کے ساتھ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

وفاقی کابینہ نے ۰۸-۱۱-۲۰۱۷ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں، کیس نمبر ۴۱۹/۱۹۹/۲۰۱۷ میں یہ فیصلہ کیا تھا کہ تمام وزارتوں اور ڈویژنز قانون و انصاف ڈویژن کی مشاورت کے ساتھ اپنے متعلقہ ایکٹس/قواعد میں ترامیم کریں گے اور الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو موزوں اتھارٹی سے تبدیل کریں۔

اکادمی ادبیات پاکستان ایکٹ، ۲۰۱۳ء میں اس بل یعنی کہ'' اکادمی ادبیات پاکستان (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۱۹ء'' کے ذریعے ترامیم قانون موضوعہ کی وضاحت کریں گی۔ موزوں سطحوں پر اختیار کی مرکز گریزی اور ان کی عطائیگی کے علاوہ ازیں۔ یہ غیر ضروری تاخیر سے اجتناب برتنے میں معاون ہوں گی اور فیصلہ سازی کو تیز ترین کریں گی۔ مزید برآں، وفاقی کابینہ کو غیر ضروری ریفرنسز سے احتراز بھی فراہم کریں گی۔ لہذا اس بل کا پیش کرنا ناگزیر تصور کیا جاتا ہے۔

وزیر انچارج